18/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ بھارت، کلیدی ممالک کی طرف، آپریشن سندور کے تناظر میں7پارٹیوں پر مبنی کُل جماعتی وفود کو کرے گا روانہ۔

*........ ملک بھر کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر کے مختلف علاقوں میں ترنگا ریلیوں کا سلسلہ جا ری۔

*........ گورننس ہمدردی اور جواب دیہی پر مبنی ایک ذمہ داری //وزیر اعلیٰ نے عوامی رابطہ کا ری کے تحت آج بھی کی عوامی وفود کے مسائل و مطالبات سماعت

اور

*........ عالمی حدت دنیا بھر کےلئے پریشانی کا باعث// ماہرین کا ماحولیات کے تئیں شعور بیدار کرنے پر زور۔

سندور دورہ

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اعلان کیا ہے کہ دہشت پسندی کے خلاف بھارت کے اجتماعی عزم کی عکاسی کرتے ہوئے سات پارٹیوں پر مبنی کل جماعتی وفود 'آپریشن سندور' کے پس منظر میں کلیدی ممالک کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے متحدہ محاذ کی نمائندگی کرنے والے وفود اور 59 پارلیمانی ارکان کی فہرست پیش کی۔ یہ مندوبین 32ممالک کا دورہ کریں گے۔

کی قیادت میں ایک گروپ سعودی عرب، بحرین ، کویت اور Baijayant Panda بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ الجزائر کا دورہ کر ے گا۔ اس وفد میں نامور لیڈر غلام نبی آزاد، بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ نشی کانت دھوبے کے رکن پارلیمنٹ اسد الدین اویسی شامل ہونگے-AIMIMاور

دوسرے گروپ کی قیادت بی جے پی کے رکن پارلیمان روی شنکر پرساد کر رہے ہیں ،جو برطانیہ، فرانس ، جرمنی، یورپی یونین، اٹلی اور ڈنمارک کا دورہ کرے گا۔

کے رکن پارلیمان سنجے کمار جھا کررہے ہیں اور یہ گروپ JDUاسی طرح سے تیسرے گروپ کی قیادت انڈونیشیا، ملیشیا، جنوبی کوریا، جاپان اور سنگا پور جائے گا۔

**امت شاہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ نے آپریشن سندور کو بھارت کی سکیورٹی میں ایک اہم موڈ قرار دیا ہے۔ گجرات کے گاندھی نگر میں ایک جلسے سے خطاب کر تے ہوئے انہوںنے کہاکہ آپریشن سندور بھارت کی قومی سلامتی کے ردعمل کی عکاسی کر تا ہے۔**

**انہوںنے اس بات پر زور دیا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں بھارتی فوج نے پاکستانی سر زمین پر دہشت پسندی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کیا ہے۔**

**ترنگا ریلی**

**ملک کے مختلف حصوں کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر کے الگ الگ علاقوں میں آج بھی ترنگا ریلیوں کا انعقاد جا ری رہا۔ریلیونمیں شریک افراد نے ملک اور بھارتی فوج کے حق میں نعرے بلند کئے۔**

**مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے پہاڑی قصبہ بسولی کا دورہ کر کے آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منانے کی غرض سے منعقدہ ایک ترنگا ریلی میں شرکت کی۔ پردیش بی جے پی صدر ست شرما اور پارٹی سے وابستہ دیگر لیڈروں بشمول اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور رکن پارلیمان جگل کشورنے اکھنور کے پرگوال علاقے میں منعقدہ ایک ترنگا ریلی میں شرکت کی۔ انہوںنے چھمب اور اکھنور میں شیلنگ سے متاثرہ کچھ علاقوں کا بھی دورہ کیا۔**

**گاندر بل میں بی جے پی کے ضلع یونٹ کی طرف سے ترنگا ریلی میں سینئر لیڈران محمد امین شاہ، فاروق گاندربلی اور دیگر پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ پانپور میں بھی اسی طرح کی ایک ریلی نکالی گئی ۔**

**پرم ویر چکر**

**آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ یوگندر سنگھ یادوکو یادکر رہے ہیں۔(Grenadier)**

**پیش ہے ہمارے دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔**

**سندور**

**اپریل کے پہلگام حملے کے رد عمل مینبھارت نے جو آپریشن سندور عمل میں لایا، اُس کی کامیابی پر سماج 22 کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے الگ الگ انداز میناپنے خیالات کااظہار کیا ہے۔**

**آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے جموں مینمقیم ایک شہری کے تاثرات۔**

**درخشاں**

بی جے پی کی سینئر لیڈر اور جموںو کشمیروقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی کی قیادت میں پارٹی کے کئی سینئر لیڈروں نے آج کپوارہ کے کرناہ علاقے کا دورہ کیا اور وہاں حالیہ شیلنگ سے متاثر ہوئے کنبوں کو مالی امداد فراہم کی۔

ڈاکٹراندرابی نے پاکستان کی جانب سے شہری علاقوں کو نشانہ بنائے جانے کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔

انکے ہمراہ بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول اور ایم ایل اے شکتی پریہار بھی تھے۔

**ڈویژنل کمشنر**

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار نے آج پونچھ ضلع کے مینڈھر سب ڈویژ ن میں سرحدی شیلنگ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے صورتحال کا جائزہ لیا۔

انہوننے ضلع انتظامیہ کو جان و مال کو پہنچے نقصان کا جلد تخمینہ لگانے کی ہدایت دی تاکہ متاثرین کے حق میں سرکاری امداد واگذار کی جا سکے۔

ڈپٹی کمشنر راجوری ابھیشیک شرما نے بھی ضلع کے کچھ سرحدی علاقوں کا دورہ کر کے متاثرین کو انتظامیہ کی طرف سے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی۔

**شل ناکارہ**

بھارتی فوج نے مقامی پولیس حکام کے ساتھ قریبی تال میل میں پونچھ ضلعے کے جھولاس، سلوتری، دھراتی اور سلانی کے سرحدی علاقوں میں 42 گولوں کو محفوظ طریقے سے ناکارہ بنایا۔

یہ گولے سرحد پار سے ہونے والی حالیہ گولہ باری کے دوران وہاںپر پڑے ہوئے تھے،جو مقامی با شندوں کی زندگی اور سلامتی کے لئے سنگین خطرہ تھے۔ یہ آپریشن معیاری حفاظتی پروٹوکول کے عین مطابق عمل میں لایاگیا تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بھارتی فوج کی بم ڈسپوزل ٹیموں نے پولیس کے ساتھ ملکر تمام دھماکہ خیز مواد کے باقیات کو ختم کرنے کو یقینی بنایا۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت کا فوکس صاف ہے کہ لوگوں کو سنا جائے اور تیز کاروائی کر کے مسائل کا حل نکالا جائے۔ انہوننے کہا کہ انکی حکومت کےلئے ہر ایک شہری قابل احترام ہے۔

وزیر اعلیٰ آج سرینگر میں عوامی رابطہ دفتر میں مسلسل دوسرے روز اُن سے ملنے آئے کئی وفود اور افراد کے مسائل سننے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کےلئے گورننس محض انتظامیہ چلانا نہیں بلکہ ہمدردی اور جواب دیہی پر مبنی ایک  ذمہ داری ہے، جس کےلئے عوام مقدم ہیں۔ انہوننے کہا کہ اس اعتماد کا ہمیشہ احترام کیا جائے گا، نہ صرف الفاظ سے بلکہ فیصلہ کن عمل سے۔

سکینہ

صحت ، تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کی موجودہ سرکار لوگوں کے ووٹ اور اعتماد سے تشکیل پائی ہے اور یہی وجہ ہے کہ مختلف وزراءزمینی سطح پر لگا تار عوامی مسائل کا جائزہ لے رہے ہیں۔

کولگام ضلعے کے دمہال ہانجی پورہ علاقے کے تفصیلی دورے کے دوران انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت حکومت عوامی توقعات کے مطابق بہتر انتظامیہ کی فراہمی یقینی بنانے کے عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

وزیر موصوفہ نے حلقے کے کئی گاؤں دیہات کا دورہ کر کے مقامی لوگوں سے راست با ت چیت کی اور انکے روز مرہ کے مسائل اور بنیادی سہولیات کی دستیابی سے متعلق آگاہی حاصل کی۔ انہوننے مزید کہا کہ موجودہ حکومت عوام پر مبنی حکمرانی کےلئے عوامی رابطہ کا ری میں یقین رکھتی ہے۔

گلوبل وارمنگ

گلوبل وارمنگ کی وجہ سے دنیا بھر میں درجہ حرارت میں نمایاں اضافہ درج کیا جا رہا ہے، جس وجہ سے حیوانات اور نباتات کے علاوہ دیگر مخلوق پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے گلیشرپگھل رہے ہیں اور گلیشل لیک آوٹ برسٹ فلڈ کا خدشہ بھی ہے۔

ماہرین نے اس حوالے سے ماحولیات کا تحفظ یقینی بنانے کےلئے عوامی شعور بیدار کرنے پر زور دیا ہے۔ آکاشوانی نیو ز سرینگر نے جب ماہر ارضیات اور اسلامک یونیوسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو سے بات کی، تو انہوں نے کہا۔

پروفیسر رومشو سے صدا بند کی گئی بات چیت پر مبنی ایک پروگرام آکاشوانی سرینگر سے آج شام ساڑھے8 بجے نشر کیا جائے گا۔ اُن سے ، آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر ہم کلام ہونگے۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن مینپلوامہ ضلعے کے ایک سماجی کارکن فیاض اندرابی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

پولیس

دریں اثناءمنشیات کے خلاف اپنی مہم کو جا ری رکھتے ہوئے اننت ناگ پولیس نے دو سمگلروں کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار اور نقدی بر آمد کر لی ہے۔

پکڑے گئے سمگلروں کے نام واگہامہ بجبہاڑہ کے سبزار احمد داس اور عدنان نذیر داس بتائے گئے ہیں۔

اس دوران بڈگام پولیس نے ضلعے کے نادی گام علاقے میں ایک منشیات سمگلر کی لاکھوں روپے مالیت کی جائیداد کو قرق کیا ہے۔ پولیس پریس نوٹ کے مطابق منظور احمد بٹ نامی ایک شخص کے یک منزلہ مکان کو اٹیچ کیا گیا ہے، جو کہ ایک کنال11مرلہ زمین کے احاطے پر مشتمل ہے اور جسکی مالیت40لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔

میوزیم ڈے

آج میوزیمز یعنی عجائب گھروں کا بین الاقوامی دن ہے ۔ ہر سال18 مئی کو منائے جانے والے اس دن کے موقعے پر ثقافتی وراثت کو تحفظ فراہم کرنے، تعلیم کو فروغ دینے اور طبقوں نیز نسلوں کے درمیان بات چیت کو فروغ دینے کیلئے میوزیمز کی اہمیت اُجاگر کی جاتی ہے۔

بھارت کے
محکمہ

---

آثار قدیمہ نے آج ملک بھر میں آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا کی تمام یادگاروں اور میوزیمز میں داخلہ مفت رکھا تھا۔

جموں کے ڈوگرہ آرٹ میوزیم میں بھی آج ایک تقریب منعقد ہوئی، جس میں ایک خصوصی نمائش کے دوران بسولی کی مشہور چھوٹے پیمانے کی مصوری توجہ کا مرکز رہی۔

آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا کے سرینگر سرکل کی جانب سے ادھمپور میں آٹھویں صدی کے تواریخی کِرمچی گروپ آف ٹیمپلز میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر جمونو کشمیر خطے کے مالا مال ثقافتی ورثے اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ بھارت اور ایشیاءبحرالکاہل خطے کے ثقافتی مقامات سے متعلق ایک تصویری نمائش منعقد کی گئی۔

نیشنل کیڈٹ کور کی ایک ٹیم نے اہم سنگ میل عبور کر تے ہوئے آج8ہزار848میٹر اونچے ماونٹ ایوریسٹ سر کیا۔ یہ ٹیم 5لڑکیوں اور5لڑکوں کے مہم جوؤں پر مشتمل تھی ۔ انکے ہمراہ چار آفیسر بھی تھے۔

واضح رہے کہ اس ٹیم کو 3اپریل کے روز وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نئی دلی سے روانہ کیا تھا۔

ادھرنیشنل ٹریننگ اکیڈیمی نگروٹہ میں کل17مئی سے سالانہ ٹریننگ کیمپ2025 شروع ہوا، جس میں زیادہ تر کیڈٹ شامل ہیں۔ یہ کیمپ26مئی تک جا ری رہے گا۔NCCکشمیر خطے کے

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کے لوگوں نے ہمیشہ بھائی چارے، امن اور اخوت کی مشعل کو فروزاں رکھا ہے۔

پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں اور عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ این سی اُن وعدوں کو پوراکرنے میں لگی ہوئی ہے جن کا اس جماعت نے لوگوں سے وعدہ کیا ہے۔ انہوننے کہا کہ تعلیم، صحت اور دیگر کئی شعبوں میں بہتری کے آثار نمودار ہو رہے ہیں۔

اسی دوران پارٹی کے ترجمان اور MLA جڈی بل تنویر صادق نے آج بلواڈ سرینگر سے تقریباً150گاڑیوں کے ایک قافلے کو امن کے پیغام کے ساتھ پہلگام کی طرف روانہ کیا۔

بوپی

جمونو کشمیر بورڈ آف پروفیشنل انٹرنس Examinations کی طرف سے تعلیمی سال 2025-26 کےلئے کورسوں کےلئے آج مشترکہ داخلہ ٹیسٹ لیا گیا۔ANMاورGNM

سرینگر اور جموں کے امتحانی مراکز میں لئے گئے اس امتحان میں مجموعی طور پر2ہزار513 طالب علموں نے شرکت کی۔

آگ

حیدر آباد کے چار مینار علاقے میں ایک رہائشی جگہ پر آگ لگنے سے کم از کم17افراد فوت ہوئے ہیں جن میں8بچے اور6خواتین شامل ہیں۔ اس سانحہ میں زخمی ہوئے افراد کو نزدیکی اسپتالوں میں بھرتی کرایا گیا ہے۔

آگ بجھانے کی 11گاڑیوں کے علاوہ رابوٹ کو بھی کام پر لگایا۔ آگ لگنے کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ پولیس نے کیس درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

جنم دن

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم مو دی نے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کو انکے جنم دن پر مبارکباد پیش کی۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی نائب صدر جمہوریہ کو انکی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی ہے۔

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے زیشٹھ ماتا جینتی کے موقعے پر آج ما ں زیشٹھا دیوی کے مندر میں حاضری دی۔ اس موقعے پر انہوننے جمونو کشمیر میں قیام امن اور یوٹی کے عوام کی خوشحالی کےلئے پرارتھنا کی۔ انہوننے وہاں موجود عقیدت مندوں سے بھی بات چیت کی۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چندایک مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا.

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40ڈگریجبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25اعشاریہ2ڈگری سیلسیس تھا.

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر27 اور

غروب آفتاب شام7بجکر28منٹ پر ہو گا.

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا.

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا.

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

...............................................................

.....................................

..............